فلم ٹیکنیشن آف انڈیا کا نرالا شاہکار

अरमान

ارماں

اداکاران
دیو آنند۔ مدھو بالا
جاگیردار وغیرہ

قیمت ۱؍

رتن اُمید کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

مختصر کہانی ارمان ایک سیدھے سادے آدمی کی کہانی ہے جو دوسرے کے لیے اپنی جان دے دیتا ہے۔ رام داس ایسا ہی آدمی تھا۔ جسے تقدیر نے ایسے ہی چکر میں ڈال دیا کہ اُسے اپنے مالک کی لڑکی رادھا کو سنسار سے چھپا کر پالنا پڑا۔ رام داس نے پندرہ سال تک رادھا کو اپنی ہی بیٹی سمجھ کر پالا۔ آگے پردہ پر دیکھیں

ارمان کے گانے

گانا نمبر ۱

کر دو دھ کپٹ کے اندھیارے میں جیون جوت جگائے جا

آتے جاتے سانس کے دُھن پر ہری نام گُن گائے جا

کیا ڈھونڈے بستی اور بن میں

ہیر چھپا ہے تیرے من میں

دور دوار کھو جگانے والے بھیتر کھوج لگائے جا

یہ جیون کرموں کی کھیتی جو سینچو سو ہی پھل دیتی

اس دُنیا میں دان دئیے جا اُس دُنیا میں پائے جا

یہ جگ ہے دو دن کا ٹھکانہ

جوگی رہے تو ہے مدر ہے جانا

توڑ کے مایا جال کے بندھن لو ایشور سے لگائے جا۔ کر دو دھ

نمبر ۲

میں پنکھ لگا کے اُڑ جاؤں

اور پھر نہ پلٹ کے آؤں

امبر کی چھاتی سے لگ کر سپنوں میں کھو جاؤں

ان جانی راہوں میں چھپ کر ان جانی ہو جاؤں
اور کچھ بھی موج نہ پاؤں - میں پنکھ......
بھروں میں جھوٹوں تاروں کو چھولوں
بدلی بن کر بن بن گھوموں بجلی بن مسکراؤں
جھرنوں کی جھالر میں بیٹھی گیت سہانے گاؤں
دنیا کو نظر نہ آؤں - میں پنکھ.........

نمبر ۳

چاہے کتنا مجھے تم بلاؤ جی نہیں بولوں گی
تم ہو پردیسی کیا جانے کس دن
چھوڑ جاؤ مجھے تم اکیلی
جس کا انجام ہو آہیں بھرنا
ہم نہ بوجھیں گے ایسی پہیلی
دل کا دروازہ نہ کھٹکھٹاؤ جی
تم نے میری نظر میں سما کے
میری راتوں کی نندیا چرالی
ایک بستی انوکھی بسالی
میری دنیا پہ ایسے نہ چھاؤ جی
میں ہوں الہڑ سجن میں نہ جانوں
یہ لگانے نبھانے کی رسمیں
کیا خبر کیسے چھپکے ہم چھپکے
کر لیا تم نے دل اپنے بس میں

دیئے کنوں کو نہ یوں گدگداؤ۔ جی۔ نہیں بولوں گی ......

نمبر ۴

بول د بول اسے جانے دل لے سن تو لے دیوانوں کی
اب نہیں دیکھی جاتی ہم سے یہ حالت ارمانوں کی
حسن کے کھلتے پھول ہمیشہ بلے دردوں کے ہاتھ بکے
اور چاہت کے متوالوں کو دھول ملی ویرانوں کی
دل کے نازک جذبوں پر بھی راج ہے سونے چاندی کا
یہ دنیا کیا قیمت دے گی سادہ دل انسانوں کی

نمبر ۵

جب دنیا بدلی ہے پھر کیوں نہ بدلیں ہم
کھلتے ہوئے موسم میں کیوں بیتی رت کا غم
جو بیت گئی اب اس کو یاد نہ کر
رنگین بہاروں کو یوں ہی برباد نہ کر
ان نازک گھڑیوں کی عمریں ہوتی ہیں کم۔ جب دنیا بدلی......
چاہت کے گلشن سے خوشیوں کے موتی چن
کچھ اپنے دل کی کہہ کچھ میرے دل کی سن
یہ دوری کیسی ہے میں پھول ہوں تو شبنم۔ جب دنیا بدلی.....

نمبر ۶

جادو بھری فضائیں کتنی ہیں آ جا دھوم مچائیں سوچتا ہے کیا
جینے والے یہ رنگین نظارے تیرے ہیں
اس دھرتی کے پھول گگن کے تارے تیرے ہیں

دُنیا اور دُنیا کے آرام کو ٹھوکر مار کے جی
اِس چھوٹی سی رات پہ لاکھوں راتیں وار کے جی - سوچتا...
ارمانوں کے شیش محل میں سُکھ کی سیج پہ سو
ہونے دے جو کچھ ہوتا ہے اپنی نیند نہ کھو - سوچتا...

نمبر ۷

بھرم تیری وفاؤں کا مٹا دیتے تو کیا ہوتا
ترے چہرے سے ہم پردہ اُٹھا دیتے تو کیا ہوتا
محبت بھی تجارت ہو گئی ہے اِس زمانے میں
اگر یہ راز دُنیا کو بتا دیتے تو کیا ہوتا
تیری امید پر جینے سے حاصل کچھ نہیں لیکن
اگر یوں بھی نہ دِل کو آسرا دیتے تو کیا ہوتا

نمبر ۸

یہ ہنسی یہ خوشی لاکھوں برس یوں ہی رہے
یوں جوانی تیری گیت گاتی رہے
زندگی ناز سے مُسکراتی رہے
دم بدم روپ کی دُھوم چڑھتی رہے
ہر ادا تیری جادو جگاتی رہے
یہ ترا بانکپن سب کے دلوں میں سمائے - یہ ہنسی.....
آرزو کے چمن میں بہار آ گئی
ہر خوشی کر کے سولہ سنگار آ گئی
آج دِل کے سب ارمان پورے ہوئے

وہ گھڑی جس کا تھا انتظار آ گئی
پیار نے جھوم کے خوشبوؤں کے موتی لٹا لئے۔ یہ ہنسی....
دھڑکنوں کا ترانہ بدلنے کو ہے
آج سارا زمانہ بدلنے کو ہے
زندگی لے رہی ہے نئی کروٹیں
ہر پرانا فسانہ بدلنے کو ہے
یہ ہوا یہ فضا کیا جانے کیا رنگ لائے۔ یہ ہنسی......
ختم شد

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب ۔ جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل و جان سے اس کا دلدادہ و شیدا ہو گیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کے لئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو آج ہی طلب کریں۔ قیمت مع محصولڈاک صرف ۱-۱ آنہ

رہنمائے صابون سازی

ہر قسم کے صابون۔ مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار وغیرہ بنانے کا آسان طریقہ اس کے اندر آپکو ملے گا۔ اس کتاب کے مصنف پرانے تجربہ کار بابو شیو ناتھ رائے ٹیکس ہیں۔

قیمت مع محصولڈاک صرف ۱۸۱۔

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بہت پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل نرگس ثریا گیتابالی۔ کامن بالا۔ یارو دیوی۔ نورجہاں بینا۔ ممتاز شانتی بھی۔ ریحانہ گیتا نظامی۔ اور ماسٹر سہگل۔ پہاڑی سانیال اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ چندر موہن۔ کرن دیوان۔ پرتھوی راج۔ یعقوب۔ وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں۔ تو آج ہی اس کتاب کو منگائیں ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ اسکو پڑھکر تڑپ جائینگے۔ قیمت معہ محصولڈاک صرف ۲/۱/۰

ٹیلر ماسٹر ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن اپیل کپڑوں۔ مثلاً بوشرٹ۔ لیڈیز کوٹ۔ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔ قیمت معہ محصولڈاک ۳/۱/۰

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

(اردو آباد پریس دہلی)